ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

ریجنل انٹر ڈسٹرکٹ انڈر 19 ون ڈے ٹورنامنٹ جمعرات سے شروع ہو گا

لاہور 14 جون، 2023:

نوجوان ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے کے مقصد کے تحت ریجنل انٹر ڈسٹرکٹ انڈر 19 ون ڈے ٹورنامنٹ جمعرات کے روز سے پندرہ ریجنوں میں شروع ہو رہا ہے۔

حیدر آباد ریجن کے میچز 19 جون سے کھیلے جائیں گے۔

اس ٹورنامنٹ کا بنیادی مقصد ملک کے ابھرتے ہوئے کرکٹرز کو اپنی مہارت اور صلاحیتوں کے اظہار کا بھرپور موقع فراہم کرنا ہے۔

اس ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 104 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن کے ذریعے 2080 کھلاڑی ان میچوں میں حصہ لے سکیں گے۔ان کرکٹرز کا انتخاب پورے ملک میں کیے گئے ٹرائلز کے ذریعے عمل میں آیا ہے یہ ٹرائلز اس سال کے اوائل میں منعقد ہوئے تھے۔

ان ٹرائلز کے ذریعے منتخب ہونے والے کرکٹرز میڈیکل امتحان کے عمل سے گزرے تھے جس کے بعد ہر ٹیم میں 20 ٹاپ کرکٹرز سلیکٹ کیے گئے۔

اس ٹورنامنٹ میں شریک کھلاڑیوں کے لیے یہ شرط تھی کہ وہ یکم ستمبر 2004ء کو یا اس کے بعد پیدا ہوئے ہوں۔

اس ٹورنامنٹ میں شریک سولہ ریجنوں کی تفصیل کچھ اس طرح ہے۔

کوئٹہ (دس ڈسٹرکٹس) ڈیرہ مراد جمالی (پانچ ڈسٹرکٹس) لاڑکانہ (چھ ڈسٹرکٹس) حیدرآباد (سات ڈسٹرکٹس) کراچی (سات زون) بہاولپور (سات ڈسٹرکٹس) ملتان (سات ڈسٹرکٹس) لاہور (تین زون چھ ٹیمیں) فیصل آباد (چھ ڈسٹرکٹس) سیالکوٹ (سات ڈسٹرکٹس) آزاد جموں کشمیر (پانچ ڈسٹرکٹس) راولپنڈی (چار ڈسٹرکٹس) اسلام آباد (چار زون اور ایک ڈسٹرکٹ) پشاور (پانچ ڈسٹرکٹس) ایبٹ آباد (سات ڈسٹرکٹس) فاٹا (دس ڈسٹرکٹس)۔

ریجنل انٹر ڈسٹرکٹ انڈر 19 ون ڈے ٹورنامنٹ ٹیموں کو مقابلے کا بہترین فارمیٹ فراہم کرے گا جس میں ہر ریجن کی ٹاپ ٹیم فاتح قرار پائے گی۔

اس ٹورنامنٹ سے عمدہ کارکردگی دکھانے والے کرکٹرز کے لیے مزید راہیں بھی کھلیں گی اور ان کے لیے انٹر ریجن انڈر 19 چیمپئن شپ (تین روزہ) اور انٹر ریجن انڈر 19 کپ (ون ڈے) میں کھیلنے کا موقع موجود ہوگا۔ یہ ایونٹ اس سال اگست سے اکتوبر کے درمیان منعقد ہوگا جس میں کھلاڑیوں کے لیے اپنے ٹیلنٹ کو قومی سطح پر سامنے لانے کا موقع موجود ہوگا۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

pepsi TCL PARKVIEW CITY TRANS GROUP

Pathway Cricket Programme

engro CRICKET COACHING PROJECT

Broadcast & Live Streaming Partners

WILLOW FLOW SPORTS sky sports SuperSport etisalat FOX SPORTS sky SPORT

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial